بعد فصل دوم میں یہ وضاحت کی گئی ہے کہ اسماء اللہ الحسنٰی کے معانی کیا ہیں اور ان کے بارے میں خود اللہ رب العزت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم نے کیا فرمایا ہے؟

اسماء اللہ الحسنٰی کو ترتیب دینے، اور ان کے معانی ومفاہیم بیان کرنے میں علمی و فکری اعانت کا ماخذ احادیث نبویہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔ دلائل بیان کرتے وقت قرآن حکیم کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ اور اپنی معروضات کی صحت کے اثبات میں تابعین اور ان کے بعد کے علمائے کرام کے ارشادات پیش کیے گئے ہیں ـــــ طوالت واختصار دونوں سے گریز کیا گیا ہے۔

بارگاہ الٰہی میں دعاء ہے، اے دعاؤں کو قبول کرنے والے، میری اس کتاب کو پرتاثیر بنا، اپنے بندوں کے لیے اس سے، زیادہ سے زیادہ نفع رسانی مقدر کر کہ تو ہی بہتر عطاء کنندہ ہے ـــــ آمین!

محمد عجاج الخطیب

(جاری ہے)

درخواست دعائے مغفرت

ملک کے معروف ادیب، اہلحدیث عالم دین مولانا عبدالرحمان عزیز الہ آبادی (خطیب مرکزی مسجد اہلحدیث حسین خانوالہ چک ۵۸ پتوکی ضلع قصور) کی رفیقہ حیات بعارضہ فالج مورخہ ۸ جولائی بروز بدھ وفات پاگئی ہیں ـــــ انا للہ وانا الیہ راجعون!

مرحومہ نہایت نیک سیرت، پابند صوم وصلوٰۃ اور انتہائی مہمان نواز خاتون تھیں۔ مولانا، آپ کے اہل خاندان اور آپ کی اولاد کے لیے یقیناً یہ ایک عظیم صدمہ ہے ـــــ قارئین کرام سے مرحومہ کے لیے جنازہ غائبانہ اور دعائے مغفرت، جبکہ لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعاء کی درخواست ہے ـــــ دعاء ہے اللہ رب العزت اپنی شان کریمی سے مرحومہ کی بشری کمزوریوں سے درگزر فرماتے ہوئے انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں ـــــ آمین!

(ادارہ "حرمین")